# قید سے
# کیسے
# باھر
# نکلا جائے

قیدیوں کی رہنمائی کے لیے کتابچہ

امیگریشن قیدیوں کے لیے ضمانت

**BID**

**Bail for Immigration Detainees**

## 1. میں یہاں کیا کر رہا ہوں

۔امیگریشن حراست (قید) کیا ہے

## 2۔ حراست سے باہر آنے کے چار طریقے

۔ہوم آفس ضمانت

۔ضمانت ہائی کورٹ کے ذریعے

۔ضمانت امیگریشن جج کے ذریعے

۔اگر آپ کا امیگریشن کیس کامیاب ہو جاتا ہے

## 3۔ قانونی رہنمائی

۔قانونی مشیر کے ذریعے ضمانت کی درخواست

۔حراست ڈیوٹی مشورہ سکیم (DDA)

۔قانونی مشیر کے بارے میں شکایت

## 4۔ ضمانت کے بارے میں اکثر پوچھے جانے والے سوالات۔

## 5۔ مالی ضامن

۔مالی ضامن (مالی مدد کرنے والا) کیا ہے

۔کیا ضمانت کے لیے آپ کو مالی ضامن کے ضرورت ہے

۔مالی ضامن کون ہو سکتا ہے

۔کتنی رقم درکار ہے (مالی ضامن کو)

۔آپ اپنے مالی ضامن کے بارے میں عدالت کو کب بتائیں گے

۔مالی ضامن کی طرف سے دیئے جانے والی رقم کا کیا ہوتا ہے

۔اگر آپ کے امریکہ میں دوست یا رشتہ دار نہیں ہیں تو کیا آپ کو مالی ضامن مل سکتا ہے

## 6۔رہائش

۔دوست یا رشتہ دار کے ساتھ رہائش اختیار کرنا

## 7۔ضمانت کے لیے کیسے اپلائی کیا جائے

-B1 درخواست فارم

۔B1 فارم کی مثال

## 8 ۔ضمانت کے لیے حقائق کو کیسے لکھا جائے

۔خالی خاکہ (ضمانت کے حقائق کے لیے)

## 9 ۔ضمانت کے لیے سماعت

۔اکثر کیے جانے والے سوالات ۔

۔جب آپ کو سماعت کے تاریخ مل جائے تو آپ کو کیا تیاری کرنی ہے

۔سماعت سے پہلے کیا ہوتا ہے

۔سماعت کا دن

۔ضمانت کا فیصلہ

## اہم معلومات ۔رابطہ نمبرز

۔قید خانوں کی فہرست اور ملاقاتی گروپ

۔اہم مددگار تنظیمیں

# باب 1

## میں یہاں کیا کر رہا ہوں

اگر آپ یہ کتاب پڑھ رہے ہیں۔ یہ ایک اچھا موقع ہے کہ آپ یا کوئی اور جسے آپ جانتے ہیں امیگریشن حراست میں ہے اور آپ جاننا چاہتے ہیں کے آگے کیا کرنا چاہیے۔ بہت سے لوگ جو حراست/ قید میں ہیں اور وہ قانون کے بارے میں نہیں جانتے یہ کتاب اُن کے لیے فائدہ مند ہے۔

## ۱۔ امیگریشن قید کیا ہے

برطانیہ کے آس پاس بہت سے حراستی مرکز ہے قیدیوں کو رکھنے کے لیے جو حکومت برطانیہ کے زیرِ استعمال ہے۔ان لوگوں کو رکھنے کے لیے جن کے پاس برطانیہ میں رہنے کا قانونی حق نہیں یا جن کے قانونی حق کا فیصلہ ہونا باقی ہو۔

## ۲۔ میں قید میں کیوں ہوں

آپ کے قید میں رہنے کی وجوہات بہت سی ہوسکتی ہیں لیکن عموماً پ بتائے گئے لوگ زیادہ تر قید ہوتے ہیں۔

☆ غیر ملکی جن کو برطانیہ کی سرحد پر برطانیہ میں داخل ہونے سے روک دیا گیا ہو۔

☆ غیر ملکی جن کے پاس ویزا (برطانیہ کا) نہ ہو۔

☆ غیر ملکی جو کسی اور جرم کی وجہ سے قید میں ہوں۔

☆ غیر ملکی جو برطانیہ میں پناہ لینے کے لیے درخواست دے چکے ہوں اور فیصلے کے منتظر

ہوں۔

☆ غیر ملکی جن کو برطانیہ میں پناہ دینے سے انکار کر دیا ہو اور ان کی درخواست مسترد ہو چکی ہو

اس کے علاوہ اور بھی بہت سی وجوہات ہو سکتی ہے

اگر آپ کو اپنے قید میں رکھنے کی وجہ معلوم نہیں تو آپ ہوم آفس سے رجوع کریں

## ۔گرفتاری کا مقصد کیا ہے

یہ ایک اچھا سوال ہے۔ برطانیہ حکومت سمجھتی ہے کہ ان لوگوں کو قید میں رکھنا ضروری ہے تا کہ وہ خود سے برطانیہ سے غائب نہ ہوں۔(BID) کا نظر یہ ھے کہ قید کرنا ضروری نہیں۔اس کے علاوہ اور بھی بہت سے طریقے ہیں جن سے ان لوگوں سے رابطہ رکھا جا سکتا ہے۔

## ۔قید میں رہنے کی مدت کیا ہے

بد قسمتی سے اس کی کوئی مقررہ مدت نہیں۔ یہ قید کچھ دنوں، ہفتوں یا اس سے بھی زیادہ مدت کی ہو سکتی ہے۔حتیٰ کہ کئی سالوں کے لیے بھی ہو سکتی ہے۔

## ۔خصوصی زمرہ جات کے قیدی

اگر آپ ان میں سے کسی ایک زمرہ میں آتے ہیں تو آپ فوراً اپنے قانونی مشیر سے بات کریں۔

## ۔برطرفی کی ہدایات

اگر آپ کے پاس ہوم آفس کی طرف سے یہ ہدایات ہیں کہ آپ کو برطانیہ سے برطرف کر دیا جائے تو آپ کو ضمانت کے لیے درخواست دینے کی ضرورت نہیں۔BID اس سلسلے میں لوگوں کی مدد نہیں کر سکتا کہ انہیں برطانیہ میں برطرف کرنے سے روکا جائے۔اس سلسلے میں اپنے امیگریشن وکیل سے رابطہ کرنا چاہیے کہ آپ کی برطرفی کو روکا جائے۔

## ۔اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے

ہوم آفس پالیسی کے مطابق اگر قیدی کی عمر 18 سال سے کم ہے اور وہ برطانیہ میں اکیلا ہے تو اُس کے لیے کچھ خاص care arrangments کی ضرورت ہے اگر ہوم آفس اس بات کو نہیں مانتا کہ آپ کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہے تو آپ کو قانونی مشیر سے رابطہ کرنا چاہیے کہ وہ مہاجر کونسل چلڈرن سیکشن سے رابطہ کرے

## ۔تشدد زدہ قیدی

ہوم آفس پالیسی کے مطابق اگر کوئی قیدی تشدد زدہ پایا جاتا ہے تو ہوم آفس Rule 35 کے تحت رپورٹ تیار کریں، آپ اور آپ کا مشیر اس رپورٹ کی کاپی رکھ سکتے ہیں

## ۔سنگین طبی حالت اور دماغی صحت:

ہوم آفس پالیسی کے مطابق اگر کوئی قیدی سنگین بیماری کا شکار ہے یا کوئی دماغی مسئلہ ہے تو اس کو "Adults at risk" کا نام دیا جا سکتا ہے اور حراستی سٹاف کو آپ کی اس بیماری کا لازمی علم ہونا چاہیے اس صورت میں آپ کو میڈیکل جسٹس تنظیم سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے www.medicaljustice.org.uk اور آپ کو ضمانت کے لیے اپنے سارے میڈیکل دستاویز کے ساتھ درخواست دینے کی ضرورت ہے۔

# باب 2

## قید سے باہر آنے کے چار طریقے

۔امیگریشن قید سے باہر آنے کے عموماً چار طریقے ہیں

۔ہوم آفس ضمانت

۔اگر آپ کا امیگریشن کیس کامیاب ہو جاتا ہے

۔ہائی کورٹ کی طرف سے رہائی

۔امیگریشن جج (ٹربیونل ضمانت) کی طرف سے ضمانت

## کیا میں ایک ہی وقت میں ہوم آفس اور فسٹ ٹائر ٹربیونل کی طرف سے ضمانت کے لیے اپلائی کر سکتا ہوں

جی ہاں آپ جتنی بار چاہیں ہوم آفس سے ضمانت کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں حتیٰ کہ آپ ٹربیونل ضمانت کے لیے بھی اُسی وقت اپلائی کر رہے ہوں۔ ہوم آفس ضمانت کے لیے کوئی چارجز نہیں اگر ہوم آفس آپ کی درخواست مسترد کر دیتا ہے پھر بھی ٹربیونل کا جواب آپ کی لیے مدد گار ہے

## ہوم آفس ضمانت

آپ فارم 401 استعمال کرتے ہوئے ضمانت کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو اس فارم کی کاپی امیگریشن سنٹر کے سٹاف کی طرف سے دی جانی چاہیے یا اگر آپ قید خانے میں ہیں تو ہوم آفس کی طرف سے۔ فارم 401 بھی B1 کی طرح کا ہے۔ ہوم آفس ضمانت صرف کاغذات کی حد تک ہوتی ہے اس میں ضمانت کی سماعت نہیں ہوگی۔ دس دن کے اندر آپ کو اپنی درخواست کا جواب مل جانا چاہیے اور اس بات کا یقین کر لیں کے آپ لازمی آپنی ضمانت کے درخواست کی کاپی اپنے پاس رکھیں اگر آپ ٹائم پر جواب وصول نہیں کرتے تو اس درخواست کی کاپی آپ امیگریشن جج کو دکھا سکتے ہیں جج یہ چیک کرے گا ہوم آفس کی طرف سے ابھی تک جواب کیوں وصول نہیں ہوا۔

## اگر آپ کا امیگریشن کیس کامیاب ہو جاتا ہے

**اگر** آپ کا امیگریشن کیس کامیاب ہو جاتا ہے اور ہوم آفس آپ کو برطانیہ میں رہنے کی اجازت دے دیتا ہے تو آپ کو فوراً رہا کر دینا چاہیے کیونکہ اُن کے پاس اختیار نہیں رہتا آپ کو قید میں رکھنے کا تاہم یہ ممکن ہے کے ہوم آفس اس کے باوجود آپ کو قید میں رکھے اور فیصلے کے خلاف اپیل کرے۔ تاہم حقیقت یہ ہے کے آپ جیت چکے ہیں اور آپ کی اپیل آپ کے لیے مددگار رہو گی جب آپ

ضمانت کے لیے اپلائی کرتے ہیں۔

## ہائی کورٹ کی طرف سے رہائی

ہائی کورٹ برطانیہ کی بڑی عدالتوں میں سے ہے سب سے اہم بات یہ ہے کے یہ دوسری عدالتوں کی طرف سے دیے گیے فیصلوں پر نظرِ ثانی کرتی ہے۔ اگر ہوم آفس نے آپ کو کسی قانون کی پیروی کے بغیر قید میں رکھا ہوا ہے تو پھر آپ ہائی کورٹ سے کہ سکتے ہیں کے وہ فیصلہ کرے کے آپ کی قید قانونی ہے یا غیر قانونی۔ اس درخواست کو قانونی نظرِ ثانی کہتے ہیں تاہم ہائی کورٹ جانا ایک مہنگا اور مشکل مرحلہ ہے جس میں آپ کو قانونی امداد کی ضرورت ہو گی

## امیگریشن جج کی طرف سے ضمانت

وہ ضمانت جو پہلے فرسٹ ٹائر ٹربیونل کی طرف سے ہوتی ہے اور اس ضمانت میں وہ قیدی جو ہوم آفس کی طرف سے قید میں ہوں لیکن کچھ مخصوص شرائط پر امیگریشن جج کی طرف سے رہا کر دیے گئے ہوں۔ تمام امیگریشن قیدیوں کو ٹربیونل ضمانت کا حق ہے جو پچھلے آٹھ دنوں سے برطانیہ میں ہوں

## مجھے ٹربیونل ضمانت کے لیے کیوں اپلائی کرنا چاہیے

اس میں آپ کو ایک غیر جانبدار شخص ملے گا جو دیکھے گا کے ہوم آفس کے دلائل آپ کو قید میں رکھنے کے لیے کافی ہیں اگر آپ ٹربیونل ضمانت کے لیے درخواست نہیں دیتے تو ہوم آفس کے علاوہ کوئی بھی آپ کی قید کا جائزہ نہیں لے گا اس میں آپ کی آواز سنی جائے گی اور آپ جیل کی سلاخوں کے پیچھے نہیں رہیں گے۔

# باب 3 قانونی مشاورت

## قانونی مشیر کو ٹربیونل ضمانت کی درخواست کے لیے کیسے کہا جا سکتا ہے

اگر آپ کے پاس قانونی مشیر/ وکیل ہے تو یہ ایک بہترین موقع ہے ضمانت کی درخواست دینے کا یہ اُن کے پیشے/ نوکری کا حصہ ہے کہ آپ کی رہائی کے لیے درخواست دے۔ اگر چہ وہ بغیر فیس کے کام کرنے والے مشیر ہیں اگر آپ کے پاس پیسے ہیں تو آپ اُن کو اپنی خوشی سے کیس میں کام کرنے کے معاوضہ کے طور پر دے سکتے ہیں۔

## Detentation Duty Advice scheme. DDA۔

DDA ایک مفت قانونی مشاورت ہے جو وکیلوں اور مشیروں کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے جو کہ قانونی امداد ایجنسی کے ماتحت ہے۔اس سکیم کے تحت ہر امیگریشن ریموول سنٹر (immigration removal centre) میں ہفتہ کے دن کچھ وکیل موجود ہوتے ہیں جو بغیر کسی معاوضہ کے قانونی مشورہ دیتے ہیں۔صرف قانونی مرکز (DDA(Firms کے معاہدے کے ساتھ آپ کا کیس لے سکتی ہیں۔

## ۔میں اپنے قانونی مشیر سے مطمئن نہیں کیا میں شکایت کر سکتا ہوں

آغاز میں ہی اگر اپنے قانونی مشیر سے مطمئن نہیں تو آپ کو اسے اگاہ کر دینا چاہیئے۔اگر اس کے باوجود یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا تو آپ کو اپنے Legal representative کو لکھ کر درخواست دینی ہو گی۔ اگر آپ ان کے جواب سے مطمئن نہ ہو تو پھر آپ solicitors regulation authority ( SRA) سے شکایت کر سکتے ہیں

آپ ان نمبرز پر SRA سے رابطہ کر سکتے ہیں

0307-6002335 www.sra.org.uk

اس کے علاوہ آپ ان نمبرز پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں 0300-5330333

## ۔کیا میرا قانونی مشیر ضمانت کے لیے درخواست دے گا

آپ کو اپنے قانونی مشیر سے پوچھنا ہو گا کہ کیا وہ میری ضمانت کے لیے درخواست دے گا۔ایسی بہت سی وجوہات ہیں جس کی وجہ سے آپ کا قانونی مشیر آپ کے ضمانت کی درخواست نہ دینا چاہے۔مثال کے طور پر:

۔ہوسکتا ہے وہ کسی اور طریقے سے آپ کو قید سے نکالنے کی کوشش کرے۔

۔وہ انتظار کرے کے آپ کے کیس میں کوئی تبدیلی آجائے۔

۔وہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ کو ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو آپ کے مالی ضامن بنے۔

۔آپ کو ہوم آفس کے جانب سے برطانیہ سے برطرفی کا نوٹس جاری ہو چکا ہو۔

۔اُن کا خیال ہو کہ آپ کی طرف سے دی گئی ضمانت کی درخواست کامیاب ہو جائے گی یا یہ کہ وہ پبلک فنڈنگ استعمال نہیں کر سکتے۔ یہ بات یاد رکھیں کہ اگر آپ کا قانونی مشیر آپ کی ٹربیونل ضمانت میں آپ کی مدد نہیں کر رہا تو آپ خود بھی یہ درخواست دائر کر سکتے ہیں۔

## باب 4

## اکثر کیے جانے والے سوالات

اگر آپ قید میں ہیں تو آپ کی جانب سے دی گئی ضمانت کی درخواست ایک بہترین موقع ہے کہ آپ قید سے آزاد ہو جائیں گے۔ہم نہیں سمجھتے کہ ضمانت کی درخواست کا مطلب ہے کہ آپ خود اپنی قید ختم کرنا چاہتے ہیں۔ضمانت کے بارے میں نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات آپ کی مدد کریں گے۔

### ۔کیا میں ضمانت کے لیے اپلائی کر سکتا ہوں

جی ہاں کوئی بھی شخص جو امیگریشن قید میں ہے اور پچھلے آٹھ دنوں سے برطانیہ میں ہے ضمانت کے لیے درخواست دے سکتا ہے لیکن آپ اُس صورت میں ضمانت کی درخواست نہیں دے سکتے اگر آپ پہلے ہی 28 دنوں کے اندر ضمانت کی درخواست دے چکے ہیں۔

آپ کو اس صورت میں ضمانت نہیں دی جا سکتی اگر ہوم آفس آپ کی سماعت سے 14 دن کے اندر آپ کے برطانیہ سے برطرفی کا نوٹس جاری کر چکا ہوں۔

## ۔ضمانت کی درخواست کی کیا فیس ہے

کچھ بھی نہیں۔ضمانت کی درخواست کی کوئی فیس نہیں اگر آپ نے خود دی ہے۔اگر آپ کسی بھی قانونی مشیر سے مدد لیتے ہیں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ اُن کا امیگریشن قانون میں تجربہ ہے۔اگر آپ کوئی پرائیویٹ مشیر لیتے ہیں تو وہ آپ سے 400 سے 1000 پاونڈ چارج کر سکتا ہے۔

## ۔کیا مجھے مالی ضامن/مالی ضمانت کے ضرورت ہے

ٹربیونل اور ہوم آفس آپ سے کہہ سکتا ہے کہ آپ یا کوئی اور جسے آپ جانتے ہیں اگر وہ

آپ کا مالی ضامن بننے کے لیے راضی ہے۔مالی ضمانت اس شخص کی طرف سے دی جاتی ہے جو عدالت آ سکتا ہے اور وہ آپ کے بھاگ جانے کی صورت میں پیسوں کی ضمانت دے سکتا ہے۔

## ۔کیا میں کسی ایڈریس کے بغیر ٹربیونل ضمانت کے لیے جا سکتا ہوں

جی ہاں، اگرچہ یہ زیادہ بہتر ہے اگر آپ کے پاس کوئی پتہ/ ایڈریس ہے جہاں آپ ضمانت کے بعد رہ سکتے ہیں۔اگر آپ کے پاس کوئی ایڈریس نہیں تو آپ ٹربیونل کو بتا سکتے ہیں کہ آپ کسی کو یہاں نہیں جانتے اور آپ ہوم آفس سے التجا کرتے ہیں کے آپ کو ضمانت کے بعد رہائش دی جائے۔

## ۔میں ہوم آفس ضمانت کے لیے اپلائی کر چکا ہوں تو کیا ٹربیونل ضمانت کے لیے بھی اپلائی کر سکتا ہوں؟

جی ہاں آپ ایک ہی وقت میں دونوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

## ۔میں ضمانت کے لیے اپلائی کرنا چاہتا ہوں لیکن میں پریشان ہوں اس کے اثرات جو میرے امیگریشن

### کیس میں ہوں گے؟

اس کے لیے پریشان ہونے کے ضرورت نہیں۔ضمانت کے درخواست کا آپ کے امیگریشن کیس پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

### ۔کتنی دفعہ میں ضمانت کے لیے درخواست دے سکتا ہوں

جتنی دفعہ آپ چاہیں آپ درخواست دے سکتے ہیں۔صرف شرط یہ ہے کہ آپ کو ہر سماعت کے درمیان 28 دن انتظار کرنا ہے۔

## باب 5

# مالی ضامن

آپ کو ضمانت کی درخواست کے لیے مالی ضامن کی ضرورت نہیں۔لیکن یہ آپ کی خوش قسمتی ہے اگر آپ کے پاس کوئی مالی ضمانت دینے والا ہو۔

### ۔مالی ضامن کیا ہے

ایسا شخص جو عدالت سے وعدہ کرے کہ اگر آپ کو قید سے رہا کر دیا جائے تو آپ حکمرانوں/ عدالت سے رابطے میں رہیں گے۔مالی ضامن آپ کے فرار ہونے کی صورت میں رقم ادا کرے گا۔

### ۔کیا آپ کو ضمانت کے لیے مالی ضامن کے ضرورت ہے

اگر آپ کے پاس مالی ضامن نہیں بھی ہے تو آپ کو ضمانت مل سکتی ہے۔اگر آپ کے پاس مالی ضامن ہے تو آپ کے ضمانت پوری طرح متوقع ہے۔آپ اپنے مالی ضامن کی تفصیل درخواست میں درج

کریں گے کے آپ کا مالی ضامن سے کیا تعلق ہے۔ضمانت کی درخواست کے فارم پر دو مالی ضامن کے تفصیلات دینے کے جگہ ہےلیکن آپ کے پاس دو سے زیادہ مالی ضامن بھی ہو سکتے ہیں۔

## ۔مالی ضامن کون ہوسکتا ہے۔

ایسا کوئی بھی شخص جو برطانیہ میں قانون کے تحت رہ رہا ہواس میں وہ طالبعلم بھی شامل ہیں جن کے پاس سٹوڈنٹ ویزا ہے یا جن کے پاس ورک پرمٹ ہے۔آپ کے مالی ضامن کا آپ کی سماعت کے دن حاضر ہونا ضروری ہے کیونکہ امیگریشن جج اُن سے بات کرنا چاہے گا۔عموماًجج اُسے تسلیم نہیں کرتا جو مالی ضامن عدالت میں حاظر نہیں ہوسکتا۔ بہت سے لوگ BID سے یہ سوال کرتے ہیں کے کیا سماعت کسی

اور سماعتی مرکز میں ہوسکتی ہے جہاں اُن کا مالی ضامن بھی حاظر ہو سکے لیکن بدقسمتی سے یہ ممکن نہیں۔

## ۔مالی ضامن کو کتنی رقم کا وعدہ کرنا ہوتا ہے

1. کوئی مقررہ رقم نہیں ہے
2. کچھ کے لیے سو پاونڈ سے دو ہزار پاونڈ یا اس سے بھی زیادہ ہوسکتی ہے یہ مالی ضامن کی تنخواہ اور بچت پہ منحصر ہے۔
3. مالی ضامن جو بھی رقم آفر کرے وہ لازمی مالی ضامن کی ہی ہونی چاہیے اور اُس کے بنک اکاونٹ میں مسلسل 3 ماہ تک ہونی چاہیئے وہ رقم اُدھار نہیں ہوسکتی جیسے بنک سے قرض یا کسی دوست سے قرض وغیرہ
4. مالی ضامن کو پچھلے 3 ماہ کی بنک سٹیٹمنٹ لانا ہوگی اور تنخواہ کی رسید بھی جو یہ ثابت کرے گی کہ آپ کے پاس رقم ہے

.5 اگر آپ ہوم آفس ضمانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو آپ کو تمام دستاویزات کی کاپی بنک سٹیٹمنٹ فارم 401 کے ساتھ جمع کرانی ہوگی۔

.6 یہ رقم آپ مالی ضامن سے اُس وقت تک نہیں لی جائے گی جب تک آپ فرار نہیں ہوتے یا ضمانت کے شرائط نہیں توڑتے۔

## ۔مالی ضامن کی طرف سے دی جانے والی رقم کا کیا ہوتا ہے۔

.1 اگر آپ اپنی ضمانت کے وقت آفس کے تمام شرائط کو پورا کرتے ہیں تو آپ کے مالی ضامن کو کوئی بھی رقم ہوم آفس اور ٹربیونل کو دینے کی ضرورت نہیں۔

.2 اگر آپ ضمانت کے دوران اُس کی شرائط پوری نہیں کرتے تو ہوم آفس یا ٹربیونل آپ کے مالی

ضامن سے رقم کی وصولی کے لیے کوئی قدم اُٹھائے گا۔

.3 اگر آپ کو برطانیہ میں رہنے کے اجازت دے دی جاتی ہے یا برطانیہ سے برطرف کر دیا جاتا ہے تو آپ کے مالی ضامن کے ذمہ داری ختم ہو جاتی ہے اور اُس سے کوئی بھی رقم وصول نہیں کے جائے گی۔

## ۔اگر آپ کا برطانیہ میں کوئی دوست یا رشتہ دار نہیں تو کیا آپ کو مالی ضامن مل سکتا ہے

اگر برطانیہ میں کوئی دوست یا رشتہ دار نہیں تو یہ ممکن ہو سکتا ہے کہ آپ visitors group سے کسی visitor سے تعلقات استوار کریں جو بعد میں مالی ضامن بن سکتا ہے۔ تاہم ایسی کوئی تنظیم نہیں جو کسی بھی قیدی کو مالی ضامن مہیا کرے۔

# باب 6

# رہائش

اگر آپ کے پاس رہائش نہیں جہاں آپ ضمانت کے بعد رہ سکیں تو بہتر ہے کہ آپ ہوم آفس کے بجائے ٹربیونل ضمانت کے لیے درخواست دیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ٹربیونل ضمانت کی سماعت کے موقع پر بتا سکتے ہیں کہ آپ کے پاس رہائش نہیں ہے اِس لیے ہوم آفس آپ کو ضمانت کے ساتھ رہائش بھی دے۔ پھر یہ ٹربیونل پر منحصر ہے کہ وہ ہوم آفس کی ہدایات کے ساتھ آپ کو رہائش بھی فراہم کرے۔

**۔اگر ٹربیونل کے طرف سے مجھے ضمانت رہائش کے ساتھ دے دی جاتی ہے لیکن ہوم آفس انکار کر دیتا ہے تو پھر کیا ہوگا؟**

اس صورت میں آپ کو اپنے قانونی مشیر اور BID سے ہدایات لینی ہوگی کہ اگے کیا کرنا چاہیئے۔ یہ ممکن ہے کہ آپ قانونی طور پر اسے چیلنج کرلے تو ہوم آفس آپ کو رہائش بھی دے

**۔اگر ٹربیونل اس شرط کے ساتھ مجھے ضمانت دیتا ہے کہ میں الیکٹرونک آلہ اپنے ساتھ رکھوں لیکن میرے پاس کوئی ایڈریس نہیں جہاں مجھے ضمانت دے جاسکے**

یہ آپ کے کیس کو رہائش کی سہولت کے ساتھ مضبوط کرسکتا ہے اور ہوم آفس کی یہ مجبوری ہوگی کہ وہ آپ کے رہائش کے انتظامات کریں جہاں آپ ضمانت کے بعد رہ سکیں گے

**۔اگر میری ضمانت کی منصوبہ بندی میں یہ شامل ہے کہ ان مخصوص حالات میں رہائش کی ضرورت نہیں**

**1. اپنے وکیل سے بات کریں کے اس فیصلے کو چیلنج کیا جائے لیکن ہوم آفس کے طرف سے دیئے گئے اعتراضات کو سامنے رکھتے ہوئے کہ کیا آپ ان کے خلاف دلائل دے سکتے ہیں۔**

.2 کیا ہوم آفس نے اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ آپ سمجھتے

ہیں کہ آپ کو رہائش دی جاسکتی ہے ہوم آفس کیوں غلط ہے؟

## ۔اگر میں کسی ایڈریس کے بغیر ہوم آفس سے ضمانت کی درخواست دوں؟

اگر آپ کسی ایڈریس کے بغیر ہوم آفس سے ضمانت کے لیے درخواست دیتے ہیں تو آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ کو ایڈریس بھی دیا جائے جہاں آپ رہ سکتے ہوں۔ جب آپ ضمانت کے لیے اپلائی کریں تو آپ کے مخصوص حالات کی وجہ سے آپ کو یہ ایڈریس دکھانے کی ضرورت ہوگی۔

## ۔کسی دوست یا رشتہ دار کے ساتھ رہائش؟

آپ کا کوئی دوست یا رشتہ دار آپ کو رہائش دے سکتا ہے لیکن اُس کا برطانیہ میں قانون کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ضروری نہیں کے وہ برطانوی قومیت کا ہو۔

اِن دستاویزات کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

.1 شناختی دستاویزات جیسے پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس

.2 اگر گھر کرایہ کا ہے تو کرایہ داری کا معاہدہ

.3 اگر گھر اپنا ہے تو اس جائیداد کے اصل کاغذات وغیرہ

## ۔رہائش فراہم کرنے والا اگر آپ کی سماعت کے دن حاضر ہوتا ہے۔

.1 آپ کی درخواست مزید مضبوط ہوجائے گی۔اگر وہ شخص جو آپ کو رہائش دے گا عدالت میں حاظر ہو۔اگر وہ حاظر نہیں ہوسکتا ہے تو اس کی طرف سے دیا گیا کوئی ایسا خط جس میں عدالت نہ حاظر ہونے کی وجہ بیان کی گئی ہو جج بعض اوقات قبول کر لیتے ہیں اور یہ خط اس بات کی تصدیق

کرتا ہے کہ وہ شخص رہائش دینے کی لیے تیار ہے۔

### ۔اگر آپ کسی مجرمانہ لائسنس کے تحت ہیں۔

آپ کو اس بات سے اگاہ ہونا چاہیے کہ اگر آپ کسی مجرمانہ لائسنس کے تحت آتے ہیں تو آپ کو ضمانت کے لیے اپلائی کرنے سے پہلے تجویز کردہ ایڈریس کی ضرورت ہوگی۔

### ۔آپ کے ضمانتی پلان کی کاپی آپ کو دی جائے؟

آپ ہوم آفس سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ کو آپ کی ضمانتی پلان کے کاپی دے اگر وہ انکار کرے تو ٹربیونل سے درخواست کے جاسکتی ہے کے آپ کو "Freedom Act" کے تحت کاپی دی جائے۔آپ BID سے بھی کہہ سکتے ہیں کہ ضمانتی پلان کے کاپی دینے میں آپ کے مدد کی جائے۔

## باب 7

## ۔ضمانت کے لیے کیسے درخواست دی جائے

اگر آپ ٹربیونل ضمانت کے لیے تیار ہیں تو آپ کو B1 درخواست فارم دینے کی ضرورت ہے۔


یہ فارم آن لائن دستیاب ہے۔ www.biduk.org

آپ اپنے مرکز سے جہاں آپ قید ہیں وہاں سے بھی یہ فارم لے سکتے ہیں یاد رہے B1 فارم 401 سے مختلف ہے جو کہ ہوم آفس کے لیے ہے

| THE IMMIGRATION ACTS | Application to be released on First-tier Tribunal bail | Form B1 |
|---|---|---|

| Section 1 | | Personal Information of the Applicant |
|---|---|---|
| A | Home Office reference number | M1234567 |
| B | NOMS (HMPPS) number (if applicable) | |
| C | Your surname or family name. Please use CAPITAL LETTERS | SMITH |
| D | Your other names | JOHN |
| E | Name and address of the place where you are detained | Name: IRC COLNBROOK<br>Address: HARMONDSWORTH WEST DRAYTON MIDDLESEX<br>Postcode UB7 0FX |
| F | Your date of birth | (day) 14 / (month) 11 / (year) 1974 |
| G | Are you male or female? | Male ☑ Female ☐ |
| H | What is your Nationality? | MOROCCAN |
| I | Date of your arrival in the United Kingdom | (day) 14 / (month) 05 / (year) 2014 |
| J | Do you have a representative? | No ☑ Yes ☐ If yes, your representative should complete the rest of the form |

| Section 2 | | About your application | | |
|---|---|---|---|---|
| A | Do you have an appeal hearing pending in the First-tier Tribunal (IAC)? | No ☑ Yes ☐ | What is the appeal number, if you know it? | |
| B | Have you made an application for immigration bail before? | No ☑ Yes ☐ | What is the bail number, if you know it? | |
| | If yes, have you been refused immigration bail at a hearing within the last 28 days? | No ☑ Yes ☐ | If yes, what was the date of that hearing? | / / |
| C | The address where you plan to live, if your bail application is granted. | Number/Street 28 CAMBERWICK GREEN | | |
| | | Town | TRUMPTON | |
| | | Postcode TR21 4PT | | |



| | | |
|---|---|---|
| E | Reference for correspondence | |
| F | Telephone number | |
| G | Mobile number | |
| H | Fax number | |
| I | Email address | |
| J | CJSM email address (if you have one) | Do you agree to receive correspondence by CJSM email? No ☐ Yes ☐ |
| K | Are you an office regulated by the Office of the Immigration Services Commissioner (OISC)? | No ☐ Yes ☐ Please provide OISC reference: |
| L | Has the Applicant been granted publicly funded legal representation? | No ☐ Yes ☐ Please provide the LSC reference if applicable: |
| Notice to representatives | | You must notify the Tribunal Hearing Centre at which the bail application is made, and other parties, if you cease to represent the Applicant. If the Applicant changes representative, details of the new representative should be sent to the same address to which you are sending this form. Please give the **Applicant's full name, address,** and **Home Office reference number.** |
| Section 8 | | Statement of Truth |
| | | If you have completed this form yourself, you must complete the declaration. |
| A | **Your Declaration** | I believe that the facts stated in this application are true. |
| | Your signature and date. | John Smith 01 / 01 / 2018 |
| B | Please print your full name in CAPITAL LETTERS. | JOHN SMITH |
| Section 9 | | When you have completed the form |
| | What you should to do next. | • Keep a copy of this form for your own use.<br>• Send the original form to the appropriate Tribunal Hearing Centre. This is normally the closest to your place of detention but you can find the appropriate First-tier Tribunal (Immigration and Asylum) hearing centre by asking staff at your place of detention or at the link below:<br>https://courttribunalfinder.service.gov.uk/search/ |

## فارم کہاں بھیجنا ہے؟

جب آپ فارم بھر لیں تو آپ کو یہ فارم عدالت میں ضمانتی کلرک کو بھیجنا ہے۔ بہتر ہے کے آپ فیکس کے ذریعہ بھیجیں تا کہ آپ کے پاس ثبوت رہے۔ نیچے بہت سی عدالتوں کی تفصیلات دی گئی ہیں:۔

| Removal Centre | Court | Fax Number |
|---|---|---|
| Brook House | Taylor House | 0870 739 4055 |
| Campsfield House | Newport | 0870 739 4406 |
| Colnbrook | York House | 0870 761 7670 |
| Dungavel | Glasgow | 0141 242 7555 |
| Harmondsworth | York House | 0870 761 7670 |
| Morton Hall | Stoke, Bennett House | 0870 324 0108 |
| Tinsley House | Taylor House | 0870 739 4055 |
| Yarl's Wood | Yarl's Wood IAC | 01264 347 997 |
| Yarl's Wood | Birmingham (see note below) | 0870 739 5792 |
| Prisons (HMPs) | Please ask an officer in your prison | |

## ۔کیا فارم کے ساتھ کسی اور چیز کی بھی ضرورت ہے۔

یہ اچھا ہے اگر آپ اس کے ساتھ وہ سارے ثبوت جن کی بنیاد پر آپ ضمانت کی درخواست دے رہے ہیں بھیجیں جیسے میڈیکل دستاویزات، سرٹیفکیٹ وغیرہ۔ اگر آپ کے پاس مالی ضامن ہے تو اس کی بنک سٹیٹمنٹ وغیرہ۔ اگر آپ کو کوئی رہائش دے رہا ہے تو اس کے کاغذات وغیرہ۔

## ۔فارم بھیجنے کے بعد کیا جاتا ہے

عدالت آپ کو سماعت کی تاریخ دے گی اس تاریخ کو آپ عدالت جائیں گے اور امیگریشن جج کی جانب سے آپ کی ضمانت کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔ عموماً فارم B1 جمع کرانے کے 3 دن کے اندر آپ کو سماعت کی تاریخ مل جاتی ہے لیکن اس میں زیادہ دن بھی لگ سکتے ہیں۔ اگر آپ کو آپ کی مرضی کی تاریخ چاہیئے تو آپ درخواست میں لکھ دیں۔ لیکن یہ آپ کی درخواست جمع کرانے کے تین دن بعد کی ہونی چاہیے۔ عدالت آپ کے فارم کی کاپی ہوم آفس کو بھجوائے گی جو Bail Summary لکھے گی۔

# باب 8

# ضمانت کے لیے ضروری حقائق

وہ کیا حقائق یا بنیاد ہے جس کو سامنے رکھتے ہوئے آپ ضمانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔

## ۔آپ کی آخری ضمانت کی درخواست کے 28 دن کے اندر آپ دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔

اس میں آپ بتا سکتے ہیں کہ اس بار درخواست میں حالات پہلے دی گئی درخواست سے مختلف ہیں۔

1. جیسے آپ کی ضمانت کی درخواست اس لیے رد ہو گئی تھی کہ اُس وقت آپ کے پاس مالی ضامن نہیں تھا لیکن اب ہے۔
2. اس وقت مالی ضامن اور رہائش فراہم کرنے والے کے پاس ثبوت نہیں تھے لیکن اب ہیں۔
3. آپ کو اب برطانیہ سے برطرف نہیں کیا جا سکتا، مثال کے طور پر آپ کی نیشنل اتھارٹیز آپ کے سفری دستاویزات جاری کرنے کی لیے انکار کر چکے ہیں اس بات کو یقینی بنانے کی لیے کہ آپ کو برطانیہ سے برطرف کیا جا سکتا ہے۔
4. اب آپ ان اعتراضات کے جواب دے سکتی ہیں جن کے باعث درخواست مسترد ہوئی تھی۔

## ۔ضمانت کی لیے حقائق

آپ کو دیے گئے فارم میں جگہ بنائی گئی ہے جہاں آپ نے یہ بتانا ہے کہ آپ کے خیال میں آپ کو کیوں قید سے آزاد کر دیا جائے۔ یہ اس فارم کا بہت اہم حصہ ہے۔ یہ آپ کے پاس موقع ہے امیگریشن جج کو

بتانے کا کہ آپ کیوں سمجھتے ہیں کے آپ کو آزاد کر دیا جائے۔ہم یہ آپ کو مشورہ دیں گے کہ اپنی ضمانت کے حقائق لکھتے وقت آپ ایک علیحدہ سے صفحہ استعمال کریں۔ یہ لکھنے سے پہلے کچھ نقاط ذہن میں رکھیں

1. فارم B1 میں اپنی ضمانت کے حقائق نہ بتاہیں بلکہ علیحدہ صفحہ استعمال کریں۔ہم یہ رائے دیں گے کہ ہمارا سیمپل استعمال کریں جو آگے بتایا جارہا ہے۔

2. امیگریشن مسائل پر بحث کرنے کی لیے اپن ضمانت کے حقائق استعمال نہ کریں۔مثال کے طور پرمت کہے کہ اگر میں واپس اپنے ملک جاتا ہوں تو مجھے مار دیا جائے گا، اگر چہ یہ درست ہوسکتا ہے لیکن جج کو یہ سوچنے پر مجبور کرسکتا ہے کہ اگر آپ کو آزاد کر دیا جائے تو آپ بھاگ سکتے ہیں۔

## آپ کی ضمانت کی لیے حقائق

بہت سے لوگوں کی ضمانت نیچے دی گئی وجوہات کی وجہ سے مسترد ہو جاتی ہے جیسے:۔

1 جج یہ سمجھتا ہے کہ اگر آپ کو رہا کر دیا جائے تو آپ مفرور ہو جائیں گے۔

2. جج کا یہ خیال ہوتا ہے کہ متوقع ہے کہ آپ برطانیہ سے برطرف ہو جائیں۔

3. تیسری بہت اہم وجہ یہ ہے کہ جج سمجھتا ہے کے اگر آپ کو آزاد کر دیا گیا تو آپ پھر سے جُرم کر ہیں گے۔

اس کے علاوہ جج کے انکار کی اور بھی وجوہات ہوسکتی ہیں۔لیکن یہ تین وجوہات زیادہ اہم ہیں

## 1. میں کیوں فرار نہیں ہوں گا

آپ کو وجہ بتانی ہے کہ جج کو آپ پر کیوں اعتبار کرنا چاہیے کہ آپ کو ضمانت کے بعد کسی بھی حالات میں رکھا جائے۔ ہوم آفس یہ بحث کرے گا اپنی ضمانت کی سمری میں اور جج کے سامنے بھی کہ آپ فرار ہو جائیں گے اگر آپ کو آزاد کر دیا تو۔ ہوم آفس کیسے اس بات کو کیسے ثابت کرنے کی کوشش کرے گا؟ وہ

آپ کے امیگریشن اور ماضی میں کیے گئے جرم کا حوالہ دیں گے (اگر آپ نے کیا ہے تو) وہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ شخص ماضی میں امیگریشن جرم کر چکا ہے اور یہ دوبارہ کرے گا۔ آپ کو وہ دلائل دینے ہیں جو ہوم آفس کو غلط ثابت کریں اور یہ کہ آپ پر اعتبار کیا جا سکتا ہے۔

## کچھ دلائل جو آپ دے سکتے ہیں

1. جب ہوم آفس غلطی پر ہو اور وہ یہ کہے کہ ماضی میں آپ نے اصول توڑے تھے یا اُن کی خلاف ورزی کی تھی۔ اگر انہوں نے آپ کی ماہانہ کارکردگی کی رپورٹ میں یہ غلطی کی ہے تو آپ کو جج کے سامنے غلطی کا ذکر کرنا ہے۔

2. آپ کو جج کو یہ بات بتانی ہے کے آپ انتظار کر رہے ہیں اپنے امیگریشن کیس کے فیصلے کا اور اپنی درخواست کا کہ آپ کو برطانیہ میں قیام کرنے دیا جائے جس کا فیصلہ ابھی آنا ہے اور آپ یقیناً مثبت جواب کے منتظر ہوں گے اور آپ کا فرار ہونا آپ کے کیس کو نقصان پہنچائے گا۔ آپ کو یہ بھی یقین دہانی کرانی ہو گی کہ آپ کو فرار ہونے میں کوئی دلچسپی نہیں۔

3. اگر آپ کے پاس مالی ضامن ہے اور آپ اپنے کسی قریبی دوست یا رشتہ دار کے پاس رہیں گے۔ اس صورت میں آپ کے پاس ایک مضبوط دلیل ہے ایک ہی جگہ رہنے اور فرار نہ ہونے کی۔

4. ایک اور مضبوط وجہ آپ کے فرار نہ ہونے کی یہ کہ آپ کو کسی بچے کی دیکھ بھال کرنی ہے جو آپ قید میں آنے سے پہلے کر رہے تھے اور کوئی بزُرگ جو بیمار ہو اور وہ آپ کی ذمہ داری ہو۔

5. اور آپ کو کوئی بیماری ہے جس کے علاج کے لیے ایک جگہ پر رہنا ضروری ہے۔ ان حالات میں ناممکن ہے کہ آپ بھاگ جائیں۔

اہم بات ۔جج یہ امید کرے گا کہ آپ ہر چیز کی لیے کوئی گواہی یا ثبوت دے مثال کے طور پر اگر آپ دعویٰ کرتے ہیں کہ آپ کا کوئی میڈیکل مسئلہ ہے تو آپ کو میڈیکل رپورٹ پیش کرنا ہوگی۔

یاد رکھیں اگر آپ نے ماضی میں کسی اصول کی خلاف ورزی کی ہے یا آپ مفرور ہو گئے ہو تو آپ کو یہ جج کے سامنے تسلیم کر لینا چاہیئے۔ یہ چیز یہ ثابت کرے گی کہ آپ ایماندار ہیں اور اپنی غلطی پر شرمندہ ہیں۔ اگر آپ نے اپنی غلطی کو چھپانے کی کوشش کی تو ہوسکتا ہے آپ نا قابلِ اعتبار قرار دے دیے جائیں۔

## مجھے کیوں جلد برطرف نہیں کیا جائے گا۔

یاد رکھیں آپ کو کس وجہ سے قید کیا گیا ہے اور یہ ہے کہ آپ کو برطانیہ سے Deport / برطرف کیا جائے گا۔اگر آپ کامیابی سے یہ بات ثابت کر دیتے ہیں کیا آپ کی برطرفی اتنی جلد متوقع نہیں اور آپ کو رہا کر دیا جائے۔ ہوم آفس ہمیشہ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ آپ کو برطانیہ سے جلد Deport کر دیا جائے۔ اگر چہ یہ برطرفی اتنی جلدی نہیں ہوتی اس میں کئی دن، ہفتے حتیٰ کہ مہینے بھی لگ جاتے ہیں۔

## کچھ دلائل جو آپ دے سکتے ہیں۔

1. آپ کا عدالت میں کیس چل رہا ہے۔ جب تک آپ کا کیس ہے آپ کو برطانیہ سے برطرف نہیں کیا جا سکتا۔اس لیے جب تک کیس/ مقدرمہ ختم نہیں ہوتا آپ کو رہا کیا جا سکتا ہے۔
2. آپ اپنے مستند سفری کاغذات کا انتظار کر رہے ہیں کیونکہ آپ کے پاس Valid پاسپورٹ نہیں ہے۔ کچھ مما لک کے لیے یہ ایک لمبا پروسس ہے۔ یہ ایک اور وجہ ہے کہ آپ کو قید میں نہ رکھا جائے جب تک ہوم آفس آپ کے سفری کاغذات وصول نہیں کر لیتا۔
3. آپ کے اپنے ملک کی سیاسی صورتحال آپ کو Deport ہونے سے روک سکتی ہے۔ جیسے اِن سالوں میں ذمبابوے، صومالیہ، ایران، عراق اور شام جیسے مما لک کی طرف برطرف نہیں کیا

جا سکتا۔

## ۔برطرفی کی ہدایات

اگر ہوم آفس یہ بحث کرتا ہے کہ آپ کی سماعت کی تاریخ سے 14 دن کے اندر آپ کو برطانیہ سے برطرف کرنے کا نوٹس جاری ہو چکا ہے تو امیگریشن جج کو آپ کی ضمانت منسوخ کنے کی لیے کہا جا سکتا ہے یا اگر آپ کی ضمانت جاری کر دی گئی ہے تو ہوم آفس آپ کی ضمانت روکنے کی پوزیشن میں ہو گا۔

## ۔کچھ دلائل جو آپ یہاں دے سکتے ہیں

1. اگر ہوم آفس یہ دلیل دیتا ہے کہ آپ کو برطانیہ سے برطرف کرنے کا نوٹس جاری ہو چکا ہے لیکن کوئی مقررہ تاریخ نہیں دی گئی تو آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس بات کا ہوم آفس کے پاس کوئی ثبوت نہیں کے برطرفی 14 دن کے اندر ہو جائے گی۔
2. اگر ہوم آفس آپ کو برطرف کرنے کی لیے ایک لمبے عرصے سے انتظامات کر رہا ہے لیکن ابھی تک برطرفی نہیں ہوئی تو آپ یہ دلیل دے سکتے ہیں کہ یہ غیر متوقع ہے کہ آپ کی برطرفی 14 دن کے اندر ہو۔

## ۔میں کیوں فرار نہیں ہوں گا

اگر آپ کا کوئی اور بھی جرم ہے تو آپ کے لیے یہ اضافی مسئلہ ہے ہوم آفس ی دلیل دے گا کہ اگرچہ آپ اپنی سزا پوری کر چکے ہیں پھر بھی آپ کو قید میں رکھا جانا چاہیے تا کہ آپ کوئی اور جرم نہ کر دیں۔ جج اکثر ان لوگوں کو رہا کرنے کے وقت پریشان ہوتے ہیں جو عوام کے لیے خطرناک ہوں۔ اگر آپ کسی پر تشدد یا جنسی مسائل جیسے جرم کا اعتراف کر چکے ہوں تو آپ کو اپنے آپ کو تیار رکھنا چاہیئے کہ آپ کے لیے جج کو ضمانت کے لیے قائل کرنا مشکل ہو گا۔

## ۔کچھ دلائل جو آپ دے سکتے ہیں

۔آپ بتائیں کے آپ سزا پوری کر چکے ہیں آپ کو اس جرم کے سزا میں مزید نہیں رکھا جا سکتا۔

☆ آپ بتائیں کہ اب آپ کوئی اور جرم نہیں کریں گے کیونکہ آپ بدل چکے ہیں یا آپ کے حالات تبدیل ہو چکے ہیں۔

☆ آپ کے قید کے عرصے کی مثبت رپورٹ اگر آپ کے پاس ہے یا Letter of Recommendation آپ کے دوستوں، رشتہ داروں، پرانے آفس، چرچ ممبرز جو آپ کے اچھے رویے کو ثابت کرے آپ کی مدد کرے گا۔

☆ یہ اہم ہے کہ آپ تسلیم کریں کے جو آپ نے جرم کیا وہ غلط تھا اور آپ کس پر شرمندہ ہیں۔ آپ کو جج کو قائل کرنا ہوگا کے آپ یہ دوبارہ نہیں کریں گے۔

☆ آپ کہہ سکتے ہیں کہ قید کے متبادل جو بھی شرائط ہوں گی آپ ماننے کے لیے تیار ہیں جیسے الیکٹرونک مانیٹرنگ آلہ جو کسی پر بھی مسلط کیا جا سکتا ہے جو امیگریشن ضمانت پر ہو۔

اہم بات: ۔اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ معصوم ہیں اور آپ کو غلط سزا دی گئی، تو آپ جج کے سامنے اس کا ذکر نہ کرے، سماعت کا دن اس بات کیلیئے موزوں نہیں۔

اگے ایک خالی خاکہ دیا جاتا ہے آپ کی ضمانت کے حقائق لکھنے کی لیے:۔

**۔ضمانت کے لیے کیسے لکھتے ہیں۔**

**میرا نام ------------ میرے پاس وکیل نہیں ہے ضمانت کے لیے پیش کرنے کو اس لیے میں اپنی درخواست خود دے رہا ہوں چیرٹی ضمانت کی طرف سے**

**۔میں فرار نہیں ہوں گا کیونکہ**

مجھے اتنی جلدی برطانیہ سے برطرف نہیں کیا جائے گا

کوئی اور وجہ آپ کو قید سے نکالنے کی

اگر آپ کو کسی جرم میں اپنی سزا پوری کر چکے ہیں تو آپ ایک اور سیکشن ۱۱ اضافہ کریں یہ بتانے کے لیے کہ میں کوئی اور جرم نہیں کروں گا اگر ضمانت دے دی جاتی ہے۔

## ۔ضمانت کے انتظامات

B1 فارم میں سیکشن 5 کے نیچے یہ بتانا ہوتا ہے کہ کیا آپ مطمئن ہیں اگر آپ کے ضمانت کے کے انتظامات ہوم آفس کو منتقل کر دیے جائیں اگر آپ راضی ہیں، تو اس کا مطلب ہے اگر آپ کو ضمانت دے دی جاتی ہے تو ہوم آفس یع فیصلہ کرے گا کہ آپ کو ضمانت کے دوران کن شرائط اور اصولوں کا خیال رکھنا ہے۔ یعنی ہوم آفس آپ پر نئی شرائط لگا سکتا ہے اور آپ کو اجازت نہیں ہوگی ٹربیونل کو Refer کرنے کی اگر آپ ہوم آفس سے راضی نہیں ہوتے۔

ان حالات میں ہم آپ کو یہ رائے دے گے کہ آپ اس بات پر راضی نہ ہوں کہ ہوم آفس آپ کی ضمانت کے انتظامات کرے گا۔آپ اس کی یہ وجوہات بتا سکتے ہیں

☆ میں ہوم آفس کی ضمانت کے شمری اوران کی شرائط پہلے پڑھنا چاہتا ہوں اس سے پہلے کہ ضمانت کے انتظامات ہوم آفس کو سپرد کیے جائیں۔

دوسری وجہ کہ آپ نہیں چاہتے کہ ہوم آفس کے سپرد یہ انتظامات ہوں۔

1. امیگریشن جج کے نسبت ہوم آفس کی شرائط زیادہ سخت ہوسکتی ہیں۔

2. اگر ہوم آفس یہ کہتا ہے کہ امیگریشن جج کے نسبت کو اگے پڑھنے سے روکا جائے اگر آپ کو رہا کردیا جائے تو

☆ تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ اس بات کا اس سے کوئی تعلق نہیں نا کہ ثابت کرنا ہے کہ آپ فرار نہیں ہوں گے۔

☆ آپ کہہ سکتے ہیں کہ آپ کی پریشانی اس بات کا ثبوت ہے کہ ہوم آفس اس طرح کی اوراس جیسی غیر ضروری شرائط عائد کرسکتا ہے اگر ضمانت کے انتظامات ہوم آفس کو دیئے گئے۔

☆ اگر آپ اگے اپنی تعلیم جاری رکھیں گے تو یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ فرار نہیں ہوں گے۔

☆ اگر ہوم آفس ضمانت ملنے کے بعد آپ کو دوبارہ قید کرچکا ہو اور آپ سمجھتے ہوں کہ غیر ضروری وجوہات سے آپ کو دوبارہ قید کیا گیا تو آپ یہ دلیل دے سکتے ہیں کہ آپ کو پھر سے قید کرلیا جائے گا۔

آپ امیگریشن جج کو یہ تصدیق کرسکتے ہیں کہ آپ تمام شرائط کا خیال رکھیں گے اگر آپ کو ضمانت دی جاتی ہے چاہے ہوم آفس یا ٹربیونل آپ کے ضمانت کے انتظامات کرے

باب 9

# ضمانت کی سماعت

آپ کے طرف سے ضمانت کی درخواست دینے کے بعد آپ کی ضمانت کی سماعت کی تاریخ دے جائے گی

اکثر کیے جانے والے سوالات

## 1. آگے کیا ہوگا

کچھ دنوں کے بعد آپ کو سماعت کا نوٹس فیکس کے ذریعے وصول ہوگا۔

## 2. مجھے سماعت کی تاریخ کا کیسے پتہ چلے گا

ٹربیونل آپ کو سماعت کا نوٹس بھیجے گا کہ آپ کو عدالت کب آنا ہے۔ اگر آپ کو یہ نوٹس نہیں ملتا تو آپ عدالت سے اس نمبر پر رابطہ کر کے پوچھ سکتے ہیں 03001231711

## 3. میری سماعت کے تاریخ کب آئے گی

عموماً درخواست بھیجنے کے ایک ہفتے کے اندر آپ کو تاریخ مل جاتی ہے۔ بعض اوقات عدالت کے مصروفیات زیادہ ہونے کے وجہ سے ہفتے سے زیادہ وقت بھی ہوسکتا ہے۔

## 4. کیا میں سماعت کے لیے کوئی خاص تاریخ کی درخواست دے سکتا ہوں

جی ہاں لیکن عدالت اس کی خاص گارنٹی نہیں دیتی۔ لیکن آپ اپنی مرضی کی تاریخ فارم B1 میں دے سکتے ہیں

## 5. تاریخ ملنے پر کیا کرنا ہے

1. اپنے مالی ضامن کو آگاہ کریں تا کہ وہ عدالت اسکے

2. جو آپ کو رہائش فراہم کرے اُسے بھی اگاہ کریں تا کہ وہ بھی عدالت اسکے۔

3. اس کے علاوہ کوئی شخص کو اگاہ کریں جو آپ کی درخواست کا مددگار رہے۔ اگر وہ عدالت انا چاہے۔

4. یہ دیکھنا پڑے گا کہ ترجمہ کرنے والا دستیاب ہوگا (اگر آپ نے اپنے ضمانت کے فارم میں اُس کا ذکر کیا ہے)

5. تمام دستاویزات اکٹھی رکھیں۔ جن دستاویزات کی آپ کو ضرورت پر سکتی ہے وہ یہ ہیں:۔

1. ضمانت کی درخواست کی کاپی

2. بیان کی کاپی جو آپ نے تیار کی ہے

3. ضمانت کی سمری/خلاصہ

4. مالی ضامن اپنے اصل کاغذات یا پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کے ساتھ حاضر ہو۔ پچھلے 3 ماہ کی بنک سٹیٹمنٹ، آمدن کا ثبوت، تنخواہ کی رسید اور دوسری مراعات کا خط وغیرہ۔

5. رہائش فراہم کرنے والا جائداد کے کاغذات کے ساتھ آئے کے رہائش اُس کی ہے۔ اگر اُس کا کرایے کا گھر ہے تو مالک کے ساتھ کرایہ داری کا معائدہ اور اجازت نامہ کہ وہ آپ کو اس گھر میں رکھ سکتا ہے۔ آپ اگر یہ ثابت نہیں کر سکتے کہ مالک کی طرف سے اجازت ہے آپ کو اس گھر میں رکھنے کی تو آپ اس بات کی نشاندہی کر سکتے ہیں کہ مالک کی طرف سے اس بات کا کہیں ذکر نہیں کہ رہائش فراہم کرنے والے کے گھر میں نہیں رہ سکتے۔ اور یہ کہ آپ کو اس شرط کے ساتھ ضمانت دی جاسکتی ہے کے جب ضرورت ہوئی تو آپ خود کو ہوم آفس اور ٹربیونل کے سامنے پیش کریں گے۔

کوئی ایسی دستاویزات جو آپ کی مدد کرے میڈیکل، سفری کاغذات وغیرہ

## سماعت سے پہلے کیا ہوتا ہے۔ضمانت کا خلاصہ

1. جب آپ ضمانت کی درخواست کرتے ہیں تو ہوم آفس لازمی جواب دیتا ہے جسے ضمانتی خلاصہ کہتے ہیں۔ یہ کاغذ پر بنتا ہے کہ وہ آپ کی ضمانت کے خلاف کیوں ہے۔اس میں تمام وجوہات بیان ہوتی ہیں کہ آپ کو ضمانت نہیں دینی چاہیے

2. آپ کو اس ضمانتی خلاصے کی کاپی 24 گھنٹے پہلے اور کم از کم 2 pm پر آپ کی سماعت کی تاریخ کا دن مل جاتے ہیں۔ آپ کو ہر نقطہ اور وجہ کو ضرور پڑھنا ہے تا کہ اُن کا جواب دے سکیں۔ آپ اپنا جواب لکھ کے جواب لکھ لیں جو آپ عدالت میں کہیں گے تا کہ آپ بھول لیں نہیں۔ اگر آپ کو وقت پر ضمانتی خلاصہ نہیں دیا جاتا تو آپ عدالت کو بتا سکتے ہیں کہ آپ کو اس کا جواب تیار کرنے کے لیے وقت دیا جائے ۔اگر سماعت کے دن ہی آپ کو یہ خلاصہ ملتا ہے تو آپ ایک یا دو گھنٹے جواب کے لیے مانگ سکتے ہیں۔

## سماعت کا دن

سماعت کا دن آپ کے نوٹس پر لکھا ہوتا ہے لیکن دوسری سماعتیں بھی اُسی وقت ہوتی ہیں تو آپ کو انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔ جج فیصلہ کرے گا کہ کون سی سماعت پہلے کرنی ہے۔ کچھ سماعت وڈیولنک کے ذریعے ہوتی ہیں آپ ٹی وی سکرین پر عدالتی کمرہ دیکھتے ہیں یا کچھ صورت میں آپ کو عدالت لایا جاتا ہے

## سماعت کے دوران کیا ہوگا

escort.1 آپ کو آپ کے سنٹر کے ایک کمرے میں لائے گا جہاں سکرین لنک ہوگا۔

2. جج عدالت میں آئے گا اور سب کھڑے ہو جائیں گے۔

3. جج آپ کی تفصیلات دیکھے گا اور دوسروں کو بتائے گا۔


4. جج ہوم آفس کے آفیسر (HOPO) سے کہے گا کہ آپ نے کچھ کہنا ہے۔ عموماً Home Office Presenting Officer کچھ نہیں کہتا

5. جج آپ سے پوچھے گا اگر آپ نے کچھ کہنا ہے اور آپ سے پوچھا جا سکتا ہے کہ آپ خلاصہ بتائیں کہ آپ کو کیوں ضمانت دی جائے۔ ہر چیز اپنے خلاصے میں دوہرایں مت۔ صرف اہم نقاط جج کو بتائیں جو آپ کے حق میں ہیں۔ HOPO آپ سے سوالات کر سکتا ہے۔

6. جج آپ سے کچھ بھی پوچھ سکتا ہے جو واضع نہ ہو۔ اگر جج سمجھتا ہے آپ کو ضمانت دی جا سکتی ہے تو آپ کے مالی ضامن سے بات کرے گا اور اُس سے جو رہائش دے رہا ہے۔

7. جج آپ کو اپنا فیصلہ بتا دے گا، اگر ضمانت دی جاتی ہے تو اُس کی شرائط بتائی جائیں گی

Diagram of a
Typical Courtroom



# فیصلہ

ضمانت کی سماعت کے متوقع تین فیصلے ہو سکتے ہیں

| اب اگے کیا ہو گا | اس کا کیا مطلب ہے | نتیجہ |
|---|---|---|
| جج فارم میں بھر دے گا اور تمام وہ شرائط بیان کرے گا جن پر آپ کو ضمانت دے گئی ۔عموماً یہی کہا جاتا ہے کہ آپ ضمانت کے بعد اسی ایڈریس پر رہیں گے جو آپ نے دیا ہے، آپ مختلف اوقات اور دنوں میں امیگریشن آفس کو رپورٹ کریں گے۔ اگر آپ کو الیکٹرونک آلہ دیا جائے گا مانیٹرنگ کے لیے تو اس میں مزید دو دن لگ سکتے ہیں۔ | آپ کامیاب رہے ہیں اور آپ کو رہا کر دیا جائے گا | آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے |

| | | |
|---|---|---|
| اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی ضمانت کی منسوخی کی تفصیل لکھی ہوئی دی جائے یہ آپ کو اگلی درخواست تیار کرنے میں مدد کرے گی۔<br>ہمت نہ ہاریں اور پھر ضمانت کے لیے درخواست دیں کیونکہ بہت سے قیدی چار پانچ بار درخواست کے بعد رہا ہوئے ہیں۔<br>آپ دوسری درخواست 28 دنوں میں دے سکتے ہیں۔<br>اگر آپ کے کیس میں کوئی تبدیلی آتی ہے تو آپ جلدی درخواست دے سکتے ہیں پھر آپ کو 28 دنوں کا انتظار نہیں کرنا لیکن آپ کو عدالت کو بتانا ہے کہ آپ کے حالات میں کیا تبدیلی آئی ہے | آپ کو رہا نہیں کیا جائے اور آپ کو واپس آپ کے ریموول سنٹر میں لے جایا جائے گا۔ اگر آپ عدالت یا قید میں ہیں یا اگر ویڈیو لنک سے سماعت ہے تو آپ وہیں رہیں گے۔ | آپ کی درخواست خارج کر دی جاتی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| آپ دیکھیں کے کیا وجوہات ہیں کے کیس اگے نہیں چل رہا پھر دوبارہ ضمانت کی درخواست دیں۔ اگر جج یہ تجویز کرے کے آپ کو مستعفی ہو جانا چاہے تو یہ غیر متوقع ہے کے آپ کو ضمانت ملے۔ پھر بہتر ہے کے آپ مستعفی ہو جائیں اور پھر دوبارہ درخواست دیں۔ دوبارہ درخواست میں آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ کے حالات میں کیا تبدیلی آئی ہے جیسے مالی ضامن وقت پر عدالت آ سکتا ہے وغیرہ۔ | آپ نے فیصلہ کرلیا ہے کیس کو مزید آگے بڑھانے سے روک دیا جائے مثال کے طور پر آپ کا مالی ضامن عدالت ٹائم پر نہیں پہنچتا یا بنک سٹیٹمنٹ کے بغیر آتا ہے | آپ مستعفی ہو جاتے ہے اپنی درخواست سے |

# ملاقاتی گروپ

کوئی قانونی رائے نہیں دیتے لیکن قیدیوں سے اکثر ملاقات اور مدد کے لیے جاتے ہیں۔

## اگر آپ قید میں ہیں اور آپ چاہتے ہیں کے کوئی آپ سے ملاقات کرے تو آپ امیگریشن قید میں ملاقاتیوں کی تنظیم سے رابطہ کر سکتے ہیں

| **Removal Centre** | **Name of Visitors Group** | **Contact Details** |
|---|---|---|
| Brook House and Tinsley House | Gatwick Detainees Welfare Group | Tel: 01293 657 070<br>Fax: 01293 474 001<br><br>www.gdwg.org.uk |
| Campsfield House | Asylum Welcome | Tel: 01865 722 082<br>Fax: 01865 792 532<br><br>www.asylum-welcome.org.uk |
| Dungavel | Scottish Detainees Visitors | Tel: 0141 248 9799<br><br>www.sdv.org.uk |
| Harmondsworth IRC and Colnbrook IRC | Detention Action | Freephone: 0800 587 2096<br>Tel: 020 7226 3114<br>Fax: 020 7226 3016<br><br>www.detentionaction.org.uk |
| Morton Hall | Morton Hall Detainee Visitors Group | Tel: 07758 604 293<br><br>www.mortonhallvisitors.org.uk |
| Yarl's Wood | Yarl's Wood Befrienders | Tel: 01234 272 090<br><br>www.ywbefrienders.org.uk |

اہم تنظیمیں

یہ تنظیمیں اہم معلومات اور مشورے دیتی ہیں جو کہ قانونی نہیں ہوتیں۔ آپ اپنے قید خانے کے قریب ترین یا قید ہونے سے پہلے اپنے گھر کے قریب کسی تنظیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Asylum Support Appeals Project (ASAP)**

Can provide advice on asylum support applications. Studio 11/12, Container City Building, 48 Trinity Buoy Wharf, London, E14 OFN Tel: 020 3716 0284 Fax: 020 3716 0272 Advice Line: 020 3716 0283 (Monday, Wednesday & Friday 2pm-4pm) Website: www.asaproject.org

**Asylum Aid**

Provides legal advice and representation to asylum seekers and has a helpline. Berol House, 25 Ashley Road, London N17 9LJ Tel: 020 7354 9631 Fax: 020 7354 5620 Advice Line: 020 7354 9264 (Tuesday 1pm-4pm) Website: www.asylumaid.org.uk

**Detention Action**

A campaigning organisation which also visits detention centres. Leroy House, Unit 3R, 436 Essex Road, London N1 3QP Freephone number: 0800 587 2096 Tel: 020 7226 3114 Fax: 020 7226 3016 Website: www.detentionaction.org.uk

**Freedom from Torture**

Can provide medical support, counselling and medico-legal reports for people who are victims of torture. 111 Isledon Road, London, N7 7JW Tel: 020 7697 7777 Fax: 020 7697 7799 Website: www.freedomfromtorture.org

Medical Justice Arranges for doctors to visit people in immigration detention. Tel: 0207 561 7498 Fax: 08450 529370 Website: www.medicaljustice.org.uk

Refugee Council For advice and support in relation to basic asylum law

Website: www.refugeecouncil.org.uk London Office: Tel: 020 7346 6700 Fax: 020 3743 9581

The Children's Section: Tel: 020 7346 1134 Email: children@refugeecouncil.org.uk

Scottish Refugee Council Advice on welfare issues for asylum seekers and refugees Scottish Refugee Council, 5 Cadogan Square, Glasgow, G2 7PH Tel: 0141 248 9799 Fax: 0141 243 2499 Website: www.scottishrefugeecouncil.org.uk

**Finding Legal Representation and Complaints:**

Law Centres Network To find out where your nearest law centre is contact: Floor 1, Tavis House, 1-6 Tavistock Square, London WC1H 9NA Tel: 020 3637 1330 Website: www.lawcentres.org.uk

Office of the Immigration and Services Commissioner (OISC) 5th Floor, 21 Bloomsbury Street, London, WC1B 3HF Tel: 0345 000 0046 (local rates), 020 7211 1500 Fax: 020 7211 1553

**The Law Society**

The Law Society is the representative and regulatory body for all solicitors of England and Wales 13 Chancery Ln, London WC2A 1PL Tel: 020 7242 1222

To find a solicitor you can use their online service at: www.solicitors.lawsociety.org.uk

---------------------------------------------